SCOTTISH OUTDOOR ACCESS CODE

KNOW THE CODE BEFORE YOU GO

outdooraccess-scotland.com

جانے سے قبل قواعدوضوابط جان لیں ---

سکاٹ لینڈکےبیرونی مقامات(آؤٹ ڈورز) سے لطف اندوز ہوں ! ہر ایک کو تفریحی و تعلیمی مقاصد اور ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانےکے لئے زیادہ ترزمینی اور اندرون ملک آبی مقامات کی سیر کا حق حاصل ہے بشرطیکہ وہ ذمہ داری سے عمل کریں۔ سکاٹش آؤٹ ڈور ایکسیس کوڈ (سکاٹش قواعدوضوابط برائے داخلہ بیرونی مقامات) میں داخلے کےان حقوق اور ذمہ داریوں کی وضاحت کی گئی ہے۔
اہم نکات درج ذیل ہیں:

جب آپ بیرونی مقامات پر جائیں تو :

- اپنی حرکات کی خود ذمہ داری لیں اور احتیاط سے عمل کریں ؛
- لوگوں کی نجی زندگی اور ذہنی سکون کا احترام کریں ؛
- انتظامیہ اور دوسرے لوگوں کو بحفاظت اورمؤثراندازمیں کام کرنے دیں ؛
- اپنے اردگرد کے ماحول کا خیال رکھیں اور اپنے کوڑے کرکٹ کوگھر لےجائیں ؛
- اپنے کُتے کو مناسب طور پرقابو میں رکھیں ؛
- اگر آپ کوئی پروگرام تشکیل دے رہے ہیں یا کاروبارکر رہے ہیں تو اضافی احتیاط برتیں ؛

اگر آپ بیرونی مقامات کے انتظامی امور سرانجام دے رہے ہیں تو :

- داخلے کےحقوق کا لحاظ رکھیں ؛
- انتظامی کاروائیوں والے علاقےسے لوگوں کو گریزکرنےکا کہنے کے لئے ذمہ داری سے کام لیں ؛
- انتظامی امور اور داخلے کو مُنضَم کرنے میں مددکی خاطر اپنی لوکل اتھارٹی (مقامی حکومت) اور دیگر اداروں سے مِل جُل کرکام کریں ؛
- راستے کے حقوق اور داخلے کی روائت کااحترام کریں ؛

مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ www.outdooraccess-scotland.com کا مطالعہ کریں یا مقامی سکاٹش قدرتی ورثہ (سکاٹش نیچرل ہیریٹیج) کے دفتر میں ٹیلیفون کریں۔